ادبیات

غزل

جناب آلم مظفر نگری

سمجھے نہ حقیقت کو اپنی، انسان کو انساں بھول گئے
فطرت کے تقاضے تھے جتنے، بیگانۂ عرفاں بھول گئے

کرنے تھے فراہم وحشت میں کچھ ہوش کے ساماں بھول گئے
آتے ہی چمن میں رازِ خودی یارانِ بیاباں بھول گئے

وہ خواب تھا یا بیداری تھی کچھ یاد نہیں آتا ہم کو
دیکھے تھے کہاں جلوے اُن کے اے دیدۂ حیراں بھول گئے

مانا کہ نکالے تیر کئی زخمِ دل سے اے چارہ گرو
پیوستِ مذاقِ دل تھا جو تم اک ہی پیکاں بھول گئے

پہنچے تو کنارے تک لیکن کیا کہیئے کہ اہلِ کشتی نے
ساحل پہ وہ ہنگامے دیکھے، ہنگامۂ طوفاں بھول گئے

یہ دشت و چمن واقف ہونگے تم کو تو ذرا بھی یاد نہیں
کس کس سے ہوئے تھے وحشت میں ہم دست و گریباں بھول گئے

لائے نہ یہاں پیغامِ چمن کہدے یہ کوئی فصلِ گل سے
مقصودِ جنونِ آزادی، قیدیٔ زنداں بھول گئے

ہیں آج بہاروں پہ نازاں، نفرت ہی انہیں ویرانوں سے
پھر بھول گئے بیاباں پہ آکر، یہ رازِ گلستاں بھول گئے

سمجھے تھے جسے اک رازِ جنوں رکھا تھا جسے محفوظِ نظر
کیا جانئے ہم وحشت میں کہاں وہ تارِ گریباں بھول گئے

یہ پوچھ نہ ہم کس طرح لٹے کس طرح مٹے تیرے ہاتھوں
جو کچھ بھی گذرنا تھا گذرا اے گردشِ دوراں بھول گئے

یہ رازِ محبت سے پوچھو کیوں چارہ گرانِ اہلِ غم
جو درد کہ دمسازِ دل تھا اُس درد کا درماں بھول گئے

اب تازہ بہاریں کیا آئیں تخلیقِ چمن ممکن ہی نہیں
پروازِ گل افشاں کو اپنی ذراتِ بیاباں بھول گئے

نغموں سے ترے اک روز آلم گونجیں گی فضائیں ہستی کی
مایوس نہ ہو گر آج تجھے اربابِ گلستاں بھول گئے